© rasailojaraid.com



**تربیت ہو تو ایسی**، مصطفیٰ محمد طحان، ترجمہ: گل زادہ شیر پاؤ۔ ناشر: مکتبہ المصباح، ۱-۱ے، ذیلدار پارک، اچھرہ، لاہور۔ صفحات: ۲۷۲۔ قیمت: ۱۵۰ روپے۔

قصہ کہانی ادب کی وہ قسم ہے جس میں انسان کی دل چسپی بالکل فطری ہے۔ اس طرح بات سمجھانا اور ذہن نشین کرانا آسان ہوتا ہے۔ انسانی فطرت اور کہانی کی اثرآفرینی کے پیش نظر اسلام نے اس کو تفہیم و تربیت کا ذریعہ بنایا ہے۔

زیرنظر کتاب معروف مسلم اسکالر مصطفیٰ محمد طحان کی کتاب التربیۃ بالقصۃ کا اُردو ترجمہ ہے۔ فاضل مؤلف نے بڑی عرق ریزی سے احادیث مبارکہ میں بیان کیے جانے والے سبق آموز واقعات اور آسمان نبوت کے درخشاں ستاروں (صحابہ کرامؓ) کی ایمان افروز داستانوں سے انتخاب پیش کیا ہے۔ ہر قصے کے آخر میں اہم علمی مباحث اور عملی رہنمائی بھی دی گئی ہے۔ یوں یہ کتاب قرآن و سنت کے حوالوں سے مزین ۴۰ دروس کا خوب صورت گل دستہ ہے۔ دل چسپ اور منفرد انداز بیان کے یہ واقعات ذہن کو متاثر، روح کو معطر اور انسان کو آمادہ بہ عمل کرتے ہیں۔ بچوں اور بڑوں کے تزکیہ و تربیت کے لیے یکساں مفید ہے۔ ترجمہ رواں اور سہل۔ (حمید اللہ خٹک)

**اقبال کہانی**، ڈاکٹر محمد افتخار کھوکھر۔ ناشر: ادارہ مطبوعات طلبہ، ۱-۱ے، ذیلدار پارک، اچھرہ، لاہور۔ صفحات: ۱۴۷۔ قیمت: ۶۶ روپے۔

صدارتی ایوارڈ یافتہ اس کتاب میں علامہ اقبال سے نئی نسل کو کہانی ہی کہانی میں روشناس کروانے کی کوشش کی گئی ہے۔ اقبال کی شخصیت، خدمات اور اُمت کے لیے تڑپ کو ان کی زندگی کے مختلف واقعات سے اُجاگر کیا گیا ہے۔

علامہ کی شخصیت کے مختلف پہلوؤں: شاہین کا تصور اور نوجوانوں سے اقبال کی توقعات، دین سے لگاؤ اور عشق رسولؐ، رزق حلال، فیاضی و خودداری، شگفتہ مزاجی اور مزاح کا دل چسپ پیرایے اور واقعاتی انداز میں تذکرہ کیا گیا ہے۔ اقبال کے حوالے سے عام تصور سے ہٹ کر کئی اہم نکات سامنے آئے ہیں۔ بسااوقات مکالماتی انداز کی وجہ سے کہانی میں بوجھل پن بھی محسوس ہوتا ہے۔ چند واقعات کا انتخاب بھی غور طلب ہے۔ مصنف نے بجاطور پر توجہ دلائی کہ نئی نسل کو اقبال سے

© rasailojaraid.com